نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے موسم گرما کی سبزیات کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور06 فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق موسم گرما کی سبزیات (کریلا، گھیا کدو، چپن کدو، کالی توڑی، بھنڈی، گھیا توڑی، بینگن، ٹماٹر، سبز مرچ، شملہ مرچ، تر، کھیرا، پیٹھا وغیرہ) کا وقت کاشت فروری تا مارچ ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔ سبزیات کی کاشت سے چند روز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80 فیصد سے کم نہ ہو۔ کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ زمین میں نرسری کاشت کرنے کی بجائے کوشش کریں کہ پلاسٹک کے جرمینیشن ٹرے میں پنیری کاشت کریں اور مناسب میڈیا (پیٹ ماس یا کوئی اور آمیزہ) استعمال کریں۔ ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں۔ جب پنیری کی عمر تا30 دن 35 ہو جائے تو اس کو پٹریوں پر سفارش کردہ فاصلہ کے مطابق منتقل کریں۔ کریلہ، گھیا کو چپن کرو، گھیا توری، تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب کریں جبکہ بھنڈی توری کی کاشت پڑیوں کے دونوں جانب کریں۔

☆☆☆☆